نقد و نظر

خطبات از مولنا عبد الصمد صاحب رحمانی مونگیری حجم ۲۶ صفحات قیمت ۳ ر۔ ملنے کا پتہ: مکتبہ سیفیہ مونگیر

یہ خطبات آیۂ شریفہ:۔ اَلزَّانِیْ لَا یَنْکِحُ اِلَّا زَانِیَۃً اَوْ مُشْرِکَۃً ۔ وَالزَّانِیَۃُ لَا یَنْکِحُھَا اِلَّا زَانٍ اَوْ مُشْرِکٌ، کی تفسیر ہیں۔ مشہور مناظر مسٹر محمود دھرم پال بی۔ اے نے اپنی ایک تقریر میں بیان کیا تھا کہ "جب کوئی مسلمان زنا میں مبتلا ہوجاتا ہے تو اس پر اس کی باعصمت اور عفیف بیوی حرام ہو جاتی ہے" اور اس قول پر اس آیۂ معظمہ سے استدلال کیا تھا۔ مولنا موصوف نے اسی غلط خیال کی تردید کی ہے، اور حق یہ ہے کہ تحقیق کا حق ادا کر دیا ہے۔

رہنمائے قرات مرتبہ جناب سید سردار علی شاہ صاحب۔ حجم ۱۳ صفحات۔ قیمت ۸ ر ملنے کا پتہ:۔ سید رحمت علی شاہ مسلم جنرل بک ایجنسی۔ لاہور۔

فن قرات ان فنوں میں سے ہے جس کا جاننا ہر قرآن خوان کیلئے ضروری ہے۔ یہ فن محض کتابی نہیں ہے لیکن جہاں تک اصول و قواعد کا تعلق ہے کتابوں سے کچھ نہ کچھ مدد ضرور ملتی ہے اردو میں اسی فن پر چند رسالے شائع ہو چکے ہیں۔ یہ رسالہ جناب مرتب نے اس طریق پر مرتب کیا ہے کہ بغیر استاد کے بھی اس فن کی تحصیل میں مدد دے سکے۔

ہدایۃ الورٰی فی تشریح الربوا از مولنا محمد نقی صاحب۔ حجم ۲۶ صفحات قیمت ار ملنے کا پتہ: انجمن اصلاح المسلمین مالیگاؤں ضلع ناسک

اس رسالہ میں مولنا ممدوح نے عقلی و نقلی دلائل سے سود کی تمام اقسام کی حرمت پر بحث کی ہے، اور آخر میں دار الحرب و دار الاسلام کی حدود پر کلام کیا ہے کہ جو لوگ سود خواری کے لئے ہندوستان کو دار الحرب سمجھتے ہیں انہیں معلوم ہو جائے کہ دار الحرب و دار الاسلام کی شرعی حیثیت کیا ہے،